ٹینڈر نوٹس

گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج رجوعیہ ایبٹ آباد کو متفرق اشیاء کی خریداری کے لیے متعلقہ اتھارٹیز کے پاس رجسٹرڈ شدہ فرموں سے سربمہر ٹینڈر بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک/کوریئر سروس مطلوب ہیں جو کہ زیر دستخطی کو مورخہ 30/05/2026 کو دوپہر 12:00 بجے تک دفتری اوقات کار کے دوران گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج نمبر 1 ایبٹ آباد پہنچ جانے چاہئیں۔ ٹینڈر اسی دن فرموں کے مجاز نمائندگان (اگر موجود ہوں) کی موجودگی میں دوپہر 02:00 بجے کھولے جائیں گے۔ متعلقہ سامان کے ٹینڈر فارمز دفتری اوقات کار کے دوران زیر دستخطی سے حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ ٹینڈر انہی فارمز پر دیئے گئے معیار/تصریحات کے مطابق نرخ بشمول مروجہ ٹیکس مقررہ تاریخ تک بمطابق شرائط ذیل پہنچ جانی چاہئیں۔

Computer & Allied Accessories	Plant & Machinery	Total
30,00,000/-	30,00,000/-	60,00,000/-

شرائط:

1۔ گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج نمبر 1 ایبٹ آباد کی طرف سے مختص شدہ فارم کے علاوہ کسی دوسرے فارم/پیڈ پر ٹینڈر قبول نہیں کیا جائے گا۔ نیز ٹینڈر فارم میں کسی قسم کی تبدیلی یا کٹنگ قابل قبول نہ ہو گی۔ 2۔ ٹینڈر کے ہر صفحے پر متعلقہ فرم کا دستخط اور مہر کا ہونا لازمی ہے۔ 3۔ ٹینڈر کے ہمراہ کل مالیت کا 2% بطور زر ضمانت بصورت کال ڈیپازٹ/بنک ڈرافٹ/ بنکرز چیک بطور ضمانت بنام پرنسپل گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج رجوعیہ ایبٹ آباد منسلک ہونا چاہئے ورنہ ٹینڈر قبول نہیں کیا جائے گا۔ 4۔ کامیاب فرم سپلائی آرڈر کے 10% کے برابر مزید پرفارمنس سیکورٹی بصورت بنک ڈرافٹ/کال ڈیپازٹ/ بنکرز چیک بنام پرنسپل متعلقہ کالج میں 10 دن کے اندر جمع کروانی ہو گی۔ اگر کوئی کامیاب فرم سپلائی آرڈر کے 10% سیکیورٹی جمع کرانے میں ناکام رہتی ہے تو جمع شدہ زر ضمانت بحق سرکار ضبط کی جائے گی اور دوسرے نمبر پر کامیاب فرم کو مذکورہ شرائط کے ساتھ سپلائی کا موقع دیا جائے گا۔ 5۔ کامیاب فرم کو اپنے ہر کیٹیگری کے نمونہ جات متعلقہ کمیٹی کے پاس 10 دن کے اندر جمع کروانے ہوں گے ورنہ سپلائی آرڈر جاری نہیں کیا جائے گا۔ 6۔ تمام سپلائی شدہ اشیاء کی جانچ پڑتال متعلقہ پرچیز کمیٹی کرے گی، غیر معیاری اور غیر تسلی بخش ہونے کی صورت میں ادائیگی روک لی جائے گی اور زر ضمانت بحق سرکار ضبط ہو گی اور دوسرے نمبر پر کامیاب فرم کو سپلائی کا موقع دیا جائے گا۔ 7۔ ٹینڈر کے ہمراہ انکم ٹیکس یا پروفیشنل ٹیکس اور سیلز ٹیکس رجسٹریشن تجدید شدہ برائے سال 2024-25 کی کاپیاں منسلک کرنا ضروری ہے۔ 8۔ سپلائی آرڈر ملنے کے دس دن کے اندر سپلائی مکمل کرنا لازمی ہو گی، ناقص اور مسترد سامان دس یوم کے اندر تبدیل کرنا ہو گا ورنہ سپلائی آرڈر منسوخ اور زر ضمانت بحق سرکار ضبط ہو گی اور دوسرے نمبر پر کامیاب فرم کو سپلائی آرڈر جاری کیا جائے گا۔ 9۔ مروجہ ٹیکسوں کی کٹوتی مروجہ قانون کے مطابق لاگو ہو گی۔ 10۔ مقررہ تاریخ اور وقت کے بعد کوئی ٹینڈر وصول نہیں کیا جائے گا۔ 11۔ جہاں ضروری ہو گا وہاں گارنٹی/وارنٹی مدت کے بعد فرم مزید ایک سال تک بعد از فروخت خدمات فراہم کرے گی۔ 12۔ گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج نمبر 1 ایبٹ آباد میں دفتری اوقات کار کے دوران سامان کی ترسیل بذمہ فرم ہو گی اور اس سلسلے میں فرم پرنسپل کو پیشگی مطلع کرے گی۔ 13۔ سامان کی نامکمل ترسیل کسی بھی صورت قابل قبول نہیں ہو گی۔ ایسی صورت میں متعلقہ فرم کا آرڈر منسوخ، سپلائی کیا جانے والا سامان ضبط اور دوسرے نمبر پر کامیاب فرم کو مذکورہ شرائط کے ساتھ سپلائی کا موقع دیا جائے گا۔ 14۔ ٹینڈر کے ہر لفافے پر ٹینڈر برائے متعلقہ سامان کا نام واضح طور پر لکھا ہونا چاہئے۔

پروفیسر ڈاکٹر محمد آفتاب

پرنسپل/کوارڈینیٹر جے ایم سی

گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج نمبر 1 ایبٹ آباد